مرکز الدین الخالص

# سحری کا وظیفہ بنا لیں

**اِغْفِرْ لِمَنْ لَا يَمْلِكُ إِلَّا الدُّعَاءَ.**

اپنے اس غلام کو بخش دے جس کے پلے میں سوا دعا کے کچھ نہیں۔

## چار اذکار جن کے پڑھنے کے بعد دعا رد نہیں ہوتی

(1) جو شخص رات کو (اچانک) بیدار ہو جا تو یہ دعا پڑھے :

**لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ اَلْحَمْدُ لِلَّهِ وَسُبْحَانَ اللَّهِ وَلَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَاللَّهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ، اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي.**

ایک اللہ کے سوا کوئی اللہ (معبود بر حق) نہیں، اس کا کوئی شریک نہیں، اس کی بادشاہی ہے اور اس کی حمد وثنا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ حمد وثنا اللہ کے لئے ہے اور اللہ پاک ہے، اللہ کے سوا کوئی الہ ( معبود بر حق) نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔ طاقب اور بدلنا صرف اللہ ہی کے پاس ہے۔ اے اللہ مجھے بخش دے۔( صحیح بخاری)

اس کے بعد جو دعا مانگی جا قبول ہوتی ہے اور اگر وضو کر کے نماز پڑھی جائے تو یہ نماز قبول ہوتی ہے۔ ( صحیح بخاری)

(2) **اَللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِأَنِّي أَشْهَدُ أَنَّكَ أَنْتَ اللهُ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِي لَمْ يَلِدْ، وَلَمْ يُولَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُواً أَحَد.**

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کیونکہ میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک تو ہی اللہ ہے، تیرے سوا کوئی معبود بر حق نہیں، تو کیا بے نیاز ہے، جس سے نہ کوئی پیدا ہوا اور نہ ہی وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کا کوئی ہمسر ہے

(3) **لَّا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ .**

## (4) يَا بَدِيْعُ السَّمٰوٰاتِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ.

حضرت عائشہ ﷺ سے مروی ہے کہ رات کے وقت جب آپ ﷺ گھبراہٹ محسوس کرتے تو فرماتے:

**لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ، رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ .**

ترجمہ: "اللہ کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں، اکیلا زبردست، آسمانوں اور زمین کا رب اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، غالب بخشش کرنے والا ہے۔"

**اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُکَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَکَ مِنْهُ نَبِيُّکَ مُحَمَّدٌ ﷺ، وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَکَ مِنْهُ نَبِيُّکَ مُحَمَّدٌ ﷺ، وَأَنْتَ الْمُسْتَعَانُ، وَعَلَيْکَ الْبَلَاغُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ.**

اے اللہ! ہم تجھ سے وہ بھلائی (خیر مانگتے ہیں جو تجھ سے تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگی ہے اور ہم تیری پناہ چاہتے ہیں اس شر (برائی) سے جس سے تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے پناہ مانگی ہے، تو ہی مددگار ہے، اور تیرے ہی اختیار میں ہے (خیر و شر کا) پہچانا، اور گناہ سے بچنے کی طاقت اور عبادت کرنے کی قوت اللہ کے سہارے کے بغیر ممکن نہیں ہے